○ **نام کتاب: قرآنِ حکیم ایک طالبِ ہدایت کی نظر میں　مصنف: پروفیسر محمد اقبال جاوید　قیمت: ۱۰۰ روپے**

ملنے کا پتہ: بابِ حرم حج عمرہ سروسز، ۴۶۔سی، جناح سٹیڈیم کچہری روڈ گوجرانوالہ۔فون: 055-3840005

جناب پروفیسر محمد اقبال جاوید اپنے موقر علمی وادبی مضامین وتصنیفات کی وجہ سے معروف ہیں۔ بطلِ احرار حضرت آغا شورش کاشمیری کے اخلاص وکردار، جہد وعمل، بے باکی وحق پژوہی اور اسلوبِ نگارش سے اُنھیں والہانہ وابستگی ہے جس کا اثر اُن کی نوشتہ تحریروں میں بھی جھلکتا ہے۔

زیرِ نظر کتابچہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی نازل کردہ آخری کتاب قرآن مجید کے متعلق جنابِ مصنف کے تاثرات کا مجموعہ ہے جن کو انتہائی خوبصورت لب ولہجے میں چھوٹے چھوٹے جملوں کی صورت میں بیان کیا گیا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے

''قرآنِ کریم ایک روشن دلیل ہے جسے کسی وکیل کی ضرورت نہیں۔ اسے تسلیم نہ کرنا ثبوت ہے اس امر کا کہ ناظر کی نظر ناقص ہے۔

قرآنِ کریم وہ دیوار ہے، جس کے سائے میں ہر آبلہ پا ستا سکتا اور جس کے ساتھ ہر دُکھتی ہوئی کمر ٹیک لگا سکتی ہے۔

قرآنِ کریم کی تلاوت، صاحبِ قرآن ﷺ سے تعلقِ خاطر کے بغیر دلوں کا نور نہیں بنتی۔

قرآنِ کریم صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کا تذکرہ محبت بھری شان کے ساتھ کرتا ہے، ہم اللہ کی رضا جوئی کے لیے ترس ترس رہے ہیں جبکہ صحابہ کے لیے خود محبوب اپنی چاہت وقف کیے ہوئے ہے۔''

سچے اور صاحبِ ایمان دل سے نکلنے والے ایسے بہت سے دل پر اثر کرنے والے تاثرات سے مزین ۸۸ صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ ظاہری طور پر بھی دیدہ زیب طباعتی خوبیوں سے آراستہ ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں۔

○ **نام کتاب: بیسویں صدی کے قرآن نمبر (۱۹۳۳ء تا ۲۰۰۰ء) تحقیق وتعارف: پروفیسر محمد اقبال جاوید**

ضخامت: ۳۸۰ صفحات　**قیمت:** ۴۰۰ روپے　**ملنے کا پتہ:** بابِ حرم حج عمرہ سروسز، ۴۶۔سی، جناح سٹیڈیم کچہری روڈ گوجرانوالہ

قرآن پاک، اللہ کریم جل جلالہ کے اپنی مخلوق سے پُرحکمت وجلال خطاب کا آخری نسخہ ہے۔ خاتم المعصومین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہونے والی اس باعظمت وتمجید کتاب کو اللہ تعالیٰ نے سرمدی طور پر فلاح وفوز کی ہدایت کا اکلوتا نسخہ بنایا ہے۔ اب تا قیامت نجات پانے کا کوئی ذریعہ اس کے سوا نہیں ہے۔

اردو رسائل وجرائد کی تاریخ میں ایک خوبصورت یاد، وہ خاص شمارے ہیں جن میں قرآن مجید کو مرکز بنا کر شعرو